پریس ریلیز

نجی شعبہ کے سب سے پہلے کم لاگت ہاؤسنگ پروجیکٹ کا موڑ ایمن آباد، گوجرانولہ میں آغاز

دی بینک آف پنجاب کے صدر ظفر مسعود نے آج اکانومی ہاؤسنگ سکیم ایمن آباد کا افتتاح کیا۔ یہ کم آمدنی والے افراد کو اپنی رہائش فراہم کرنے کیلئے نجی شعبے کے اشتراک سے شروع ہونے والا اپنی طرز کا پہلا سٹیٹ آف دی آرٹ منصوبہ ہے عوامی فلاح کے اس منصوبے کی فنانسنگ میں بی او پی سب سے آگے ہے۔

منصوبے کا افتتاح کرتے ہوئے دی بینک آف پنجاب کے صدر ظفر مسعود نے کہا کہ یہ ایک انقلابی منصوبہ ہے جس کے ذریعے دی بینک آف پنجاب وزیراعظم کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کیلئے عملی کوشش کر رہا ہے۔ بینک آف پنجاب گھر کے خریداروں کیلئے آسان شرائط پر قرض کی صورت میں مالی معاونت فراہم کرے گا۔ انھوں نے کہا کہ میں نے اپنی ٹیم کو ہدایت کر دی ہے کہ وہ تمام ایسے درخواست گزاروں سے جو بینک آف پنجاب سے قرض حاصل کرنا چاہیں ہر قسم کی سہولیات اور رہنمائی ان کے گھر کی دہلیز پر پہنچائیں۔

ظفر مسعود نے کہا کہ دی بینک آف پنجاب نے وزیراعظم کی ہدایت کی روشنی میں عوام کو سہولت فراہم کرنے کیلئے خصوصی پیکج کے تحت مارک اپ کی شرح میں کمی کر دی ہے۔ پانچ مرلہ کے مکان کیلئے پہلے پانچ سال مارک اپ کی شرح پانچ فیصد اگلے پانچ سال سات فیصد جبکہ دس سال کے بعد مارکیٹ ریٹ پر ہوگی اس سہولت سے کم آمدنی والے افراد کیلئے اپنا گھر بنانا نہایت آسان ہو جائے۔ جبکہ پانچ سے دس مرلہ مکان کیلئے اسی طور مارک اپ کی شرح پہلے پانچ سال کیلئے سات فیصد اگلے پانچ سال کیلئے نو فیصد اور دس سال کے بعد مارکیٹ ریٹ پر ہو گیا۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وسیم خان (ڈائریکٹر گارڈن سکوائر ڈویلپرز) نے اس منصوبے میں مدد پر بی او پی کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے کم لاگت گارڈن سکوائر منصوبے میں شامل سہولیات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یہ ایمن آباد میں یہ پہلی مرتبہ فراہم کی جا رہی ہیں جس میں زیر زمین بجلی کا نظام، سیوریج، کمرشل ایریاز، صحت کی سہولیات، سکول، گرین ایریا اور بین الاقوامی معیار کا انفراسٹرکچر وغیرہ شامل ہیں۔ اس منصوبے کے تحت اگست 2021 تک گھر دستیاب ہوں گے۔

دی بینک آف پنجاب گارڈن سکوائر ڈویلپرز سے اس منصوبے کی کامیابی کیلئے ہر ممکن تعاون کرتا رہے گا تاکہ یہ منصوبہ مستقبل میں اس طرز کے منصوبوں کے لیے کامیاب مثال بن سکے۔